**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

7اگست2026ء

# پریس ریلیز

## اُمّتِ مُسلمہ کی ذلت ورسوائی کی بنیادی وجہ قرآن سے دوری ہے۔

## مسلم ممالک آپس میں اتحادواتفاق پیدا کریں اور عالمی طاقتوں پر انحصار کو چھوڑ دیں۔

## اسلام کی نشاۃ ثانیہ محض جذباتی نعروں سے نہیں بلکہ عملی طور پر قرآن اور صاحبِ قرآن ﷺ سے جُڑ جانے سے ہو گی۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** اُمّتِ مُسلمہ کی ذلت ورسوائی کی بنیادی وجہ قرآن سے دوری ہے۔ مسلم ممالک آپس میں اتحاد واتفاق پیدا کریں اور عالمی طاقتوں پر انحصار کو چھوڑ دیں۔ اسلام کی نشاۃ ثانیہ محض جذباتی نعروں سے نہیں بلکہ عملی طور پر قرآن اور صاحبِ قرآن ﷺ سے جُڑ جانے سے ہو گی۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ جب تک مسلمان قرآن اور اُسوۂ رسول ﷺ سے جُڑے رہے اُس وقت تک دنیا کی قیادت اور امامت اُن کے ہاتھوں میں رہی۔ بدقسمتی سے قرآن وسنت کی تعلیمات کو پسِ پشت ڈالنے کے باعث ہم اجتماعی سطح پر کمزور سے کمزور ہوتے چلے گئے اور بالآخر 3 مارچ 1924ء کا وہ سیاہ دن بھی آیا جب خلافتِ عثمانیہ کا خاتمہ ہو گیا اور عالمِ اسلام چھوٹی چھوٹی قومی ریاستوں میں بٹ گیا۔ آج حال یہ ہے کہ 57 مسلم ممالک اور کم وبیش 2ارب مسلمان کرۂ ارض پر موجود ہیں لیکن فلسطین، کشمیر، میانمار اور دیگر علاقوں میں مظلوم اور مجبور مسلمانوں کی مدد کرنے کی نہ ہمت رکھتے ہیں نہ جرأت۔ دنیا کی محبت اور موت کے خوف نے مسلم ممالک کی قیادتوں کو اِس بُری طرح جکڑ رکھا ہے کہ امریکہ کے ہر حکم کے آگے سرنگوں ہیں۔ پھر یہ کہ بعض عاقبت نااندیش مسلم ممالک نے مسلمانوں کے بدترین دشمن یہود سے تعلقات استوار کر رکھے ہیں جو عالمِ اسلام کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک اُمّتِ مُسلمہ آپس میں اتفاق واتحاد پیدا کر کے ایک اجتماعیت کی شکل اختیار نہیں کرتی اور قرآن کو پھر سے اپنا امام نہیں بناتی، اُس وقت تک ذلت ورسوائی سے نجات ممکن نہیں۔ پاکستان سمیت عالمِ اسلام کے ہر خاص وعام کی اِس اٹل حقیقت کی طرح توجہ دلانے کے لیے تنظیم اسلامی 31 جولائی 2026ء سے 21 اگست 2026ء کے دوران ''اُمّتِ مُسلمہ کی حالتِ زار اور راہِ نجات'' کے عنوان سے ایک ملک گیر آگاہی مہم کا انعقاد کر رہی ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اسلام کی نشاۃ ثانیہ صرف اُس وقت ممکن ہو گی جب ہم غیروں پر انحصار ختم کر کے اللہ اور رسول ﷺ کی تعلیمات پر انفرادی اور اجتماعی دونوں سطحوں پر عمل کریں گے۔ اِسی میں ہماری دینوی اور اُخروی کامیابی مضمر ہے۔

جاری کردہ

**رضاءالحق**

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: August 7th, 2026**

## The fundamental reason for the humiliation and disgrace of the Muslim Ummah is abandoning the Qur'an.

## Muslim countries must foster unity and harmony among themselves and abandon their reliance on global powers.

## The renaissance of Islam will not be achieved through mere emotional slogans, but through practical connection with the Qur'an and the Sunnah of the Prophet ﷺ

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that as long as Muslims remained connected with the Qur'an and the Sunnah of the Prophet ﷺ, the leadership and guidance of the world remained in their hands. Unfortunately, because the teachings of the Qur'an and Sunnah were abandoned, we became collectively weaker and weaker. Ultimately, that dark day of 3 March 1924 arrived when the Ottoman Caliphate was abolished, and the Islamic world was fragmented into small nation-states. Today, the state of affairs is such that there are 57 Muslim countries and approximately 2 billion Muslims on Earth. However, they possess neither the courage nor the willingness to help oppressed and helpless Muslims in Palestine, Kashmir, Myanmar, and other regions. Love for the world and the fear of death have gripped the leaderships of Muslim countries so severely that they bow down before every command of the United States. Furthermore, certain short-sighted Muslim countries have established relations with the worst enemies of Muslims, the Jews, which is a matter of immense shame for the entire Islamic world. The reality is that until the Muslim Ummah fosters unity and harmony among itself, assumes a collective form, and once again makes the Qur'an its guide, liberation from humiliation and disgrace is impossible. To draw the attention of everyone, both ordinary and prominent, in Pakistan and across the Islamic world toward this undeniable reality, Tanzeem-e-Islami is organizing a nationwide awareness campaign from 31 July 2026 to 21 August 2026 titled "The Plight of the Muslim Ummah and the Path to Salvation". The Ameer of Tanzeem said that the renaissance of Islam will only be possible when we end our reliance on global powers and act upon the teachings of Allah and His Messenger ﷺat both the individual and collective levels. Our success in this world and the Hereafter lies in this alone.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**